## 3408 - ایسی عورتوں کے قصے جنہوں نے قبول اسلام کے بعداپنے کافرخاوندوں کوچھوڑدیا

**سوال**

مجھے یہ علم ہے کہ مسلمان عورت کسی کافر سے شادی نہیں کرسکتی ، ایک بہن اسلام لانے والوں کی فہرست میں شامل ہوکراسلام قبول کرچکی ہے اوریہ پوچھتی ہے کہ وہ اپنے غیرمسلم خاوند کےبارہ میں کیا کرے جس نے اسے بغیر کسی مشکل کے اسلام قبول کرنے کی اجازت دی اوریہ بھی کہا کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت بھی اسلامی طریقے پرکرے
لیکن جب اس نے ہم سے پوچھا توہم نے اسے جواب دیا یا تواس کا خاوند اسلام قبول کرلے یا پھر وہ اس چھوڑ کرعلیحدہ ہو ، لیکن افسوس کچھ لوگ یہ تسلیم نہیں کرتے میں آپ سے گزرش ہے کہ آپ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں پیش آنے والے واقعات بھیجیں جن میں مسلمان عورتوں نے اپنے مشرک خاوندوں سے علیحدگی کرلی میرے اعتقاد میں یہ ہی ایک ایسا وسیلہ ہے جس سے یہ لوگ مطمئن ہوں گے کہ کسی بھی مسلمان عورت کے لیے حلال اورجائزنہیں کہ وہ کسی ایسے غیرمسلم کی عصمت میں رہتے ہوئے اس کی بیوی بنی رہے اگرچہ وہ اس کےقبول اسلام میں مشکلات نہ بھی ڈالے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

1 - مسلمان عورت کا غیرمسلم کے نکاح کے متعلق جوکچھ سوال میں کہا گیا ہے اس پرکوئ غبار نہیں اوروہ صحیح ہے -

ا - اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اورشرک کرنے والے مردوں کے نکاح میں اپنی عورتیں نہ دو حتی کہ وہ ایمان لے آئیں توپھر نکاح کردو البقرۃ ( 221 ) ۔

امام قرطبی رحمہ اللہ تعالی اس کی تفسیر میں کہتے ہیں :

قولہ تعالی اورنکاح میں نہ دو یعنی مسلمان عورت کا مشرک کے ساتھ نکاح نہ کرو ، اورامت کا بھی اس پراجماع ہے کہ مشرک شخص کبھی بھی مومن عورت کا خاوند نہیں بن سکتا اس لیے کہ اس میں اسلام پرعیب اورنقص ہے ۔ تفسیر

